نام کتاب: ''ماہنامہ المدینہ'' خصوصی اشاعت ''خدمتِ خلق اور کفالتِ عامہ، تعلیماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں'' مدیرِ اعلیٰ: قاری حامد محمود صفحات: ۲۷۲ قیمت: ۳۰۰ روپے

ناشر: ماہنامہ المدینہ، صائمہ ٹاورز، روم نمبر: A-205 سیکنڈ فلور، آئی آئی چندری گر روڈ، کراچی۔

محسنِ انسانیت، خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم جو دین لائے اس کی بنیاد امن و سلامتی اور احترامِ انسانیت پر ہے۔ اسلام کو دنیا کے تمام مذاہب میں یہ امتیاز حاصل ہے کہ یہ ایک کامل و مکمل دین اور ابدی ضابطۂ حیات بھی ہے، اسلام میں جہاں عبادات کو اہمیت دی گئی ہے وہیں معاملات اور اخلاقیات بھی دین میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ خدمتِ خلق اور رفاہِ عامہ کا تصور درحقیقت حقوق العباد اور احترامِ انسانیت کے اسلامی فلسفے کی اساس ہے، جس سے اسلام میں اس کی عظمت و اہمیت کا پتا چلتا ہے۔ زیرِ تبصرہ رسالہ ''ماہنامہ المدینہ'' کی اشاعت خصوصی بہت ہی عمدہ اور پُرمغز مضامین کا مجموعہ ہے، جس میں خدمتِ خلق اور کفالتِ عامہ کو تعلیماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں اجاگر کیا گیا ہے۔ مدیرِ اعلیٰ اور اُن کے معاونین اس بہترین دینی، علمی و ادبی کاوش پر مبارک باد کے مستحق ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی اس پرخلوص محنت کو قبول فرمائیں اور اجرِ جزیل عطا فرمائیں۔ (مبصر: حافظ اخلاق احمد)

☆......☆......☆......☆

دعاءِ صحت

★ قائدِ احرار، ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم

★ مجلس احرارِ اسلام ملتان کے سرپرست اور رکن مرکزی مجلس شوریٰ صوفی نذیر احمد

★ حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب

★ لاہور کے بزرگ احرار کارکن چودھری محمد اکرام صاحب

★ سید محمد کفیل بخاری کی بڑی ہمشیر علیل ہیں ★ قاری ظہور رحیم عثمانی کے بیٹے محمد علی بیمار ہیں

★ مدرسہ معمورہ ملتان کا سابق طالب علم حافظ محمد اویس سنجرانی

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعاء فرمائیں، اللہ تعالیٰ سب کو شفا کاملہ عطا فرمائے۔

مسافرانِ آخرت

ادارہ

☆حضرت مولانا محمد طلحہ کاندھلوی کی اہلیہ محترمہ، شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کی بہو اور حضرت مولانا مفتی افتخار الحسن کاندھلوی کی بڑی صاحبزدی انتقال فرما گئیں۔ ☆مجلس احرار اسلام کراچی کے نائب امیر مولانا عبدالغفور مظفر گڑھی کے استاد محترم مولانا قاضی محمد ابراہیم جامعہ دارالعلوم، بستی چڑھے والی مناواں، کوٹ ادو مظفر گڑھ، ۲۶ اور ۲۷ رمئی (ہفتہ، اتوار) کی درمیانی شب انتقال فرما گئے ☆چیچہ وطنی: مجلس احرار اسلام پاکستان کے مبلغ ختمِ نبوّت مولانا محمد سرفراز معاویہ کے دادا جان قاسم علی ڈوگر (کنگن پور) ۴ رجون پیر کو انتقال کر گئے ☆چیچہ وطنی: حافظ محمد عابد مسعود ڈوگر کے برادرِ نسبتی پروفیسر محمد امجد ڈوگر (فیصل آباد) ۷ رجون جمعرات کو انتقال کر گئے ☆چیچہ وطنی: شاعر و ادیب جناب اکرام الحق سرشار کے برادرِ بزرگ مرزا محمد ارشد بیگ 22 جون کو لاہور میں انتقال کر گئے ☆چیچہ وطنی: سینئر صحافی اور جیو نیوز کے نمائندے ملک محمد جمیل کی والدہ ماجدہ 24 جون کو انتقال کر گئے ☆چنیوٹ: قدیم اور مخلص احرار کارکن محمد صفدر کے ماموں زاد بھائی محمد وارث 27 رمضان کو انتقال کر گئے ☆اسلام آباد: روزنامہ ''اوصاف'' اسلام آباد کے ایڈیٹر اور ہمارے دوست جناب محمد حنیف لودھی کی والدہ ماجدہ ۴ رجون، پیر کو انتقال فرما گئیں ☆مجلس احرار ٹوبہ ٹیک سنگھ کے امیر حافظ محمد اسماعیل کی بھابھی صاحبہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئیں ☆جہانیاں: جناب ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں کی والدہ ماجدہ گزشتہ دنوں انتقال کر گئیں ☆راولپنڈی: عبدالحمید (شیخ نیاز احمد، سٹینڈرڈ بیکری ملتان) کے پھوپھی زاد انتقال کر گئے ☆راولپنڈی: احمد خلیل جازم (روزنامہ ''اُمّت'') کے والد ماجد فضل الرحمٰن صاحب انتقال کر گئے ☆مجلس احرار اسلام راولپنڈی کے امیر جناب خادم حسین صاحب کے بہنوئی جناب ضیاء الحق مرحوم گزشتہ ماہ انتقال فرما گئے ☆انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے نائب امیر مرکزیہ قاری شبیر احمد عثمانی صاحب کے برادر بزرگ حاجی سعید احمد بھائی 3 جون مطابق 18 رمضان کو انتقال فرما گئے ☆چنیوٹ: جامعہ مدنیہ کے مہتمم مولانا ملک خلیل احمد اشرف کے بھائی ملک خالد محمود انتقال فرما گئے۔ ☆ملتان: ہمارے کرم فرما رسالت خان شیروانی کے بھتیجے حسن خان شیروانی 3 جون 2018ء، 18 رمضان المبارک 1439 ٹریفک حادثے میں انتقال کر گئے۔ ☆ملتان: مولانا حافظ احمد یار کی اہلیہ اور مدرسہ معمورہ کے سابق طالب علم حافظ محمد طاہر کی والدہ یکم شوال 1439 کو انتقال کر گئیں۔ ☆شعلی غربی (حاصل پور) میں احرار کارکن حافظ محمد مشتاق کے بڑے بھائی 23 جون کو انتقال کر گئے۔

اللہ تعالیٰ سب مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔